Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

DUA · ON OCCASIONS

Muzdalifa

مزدلفہ

It is recommended to go to Masha'rul Haraam from Arafaat with a serene body and heart and seek repentance on the way. Upon reaching the red mound from the right one should say...

مستحب ہے کہ اطمینان و سکون کے ساتھ عرفات سے مشعر الحرام کی جانب روانہ ہو۔ استغفار کرتا رہے اور جیسے ہی دائیں جانب سے سُرخ ٹیلے کے پاس پہنچے تو کہے۔۔۔

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ تَوَقُّفِیْ وَزِدْہُ فِیْ عَمَلِیْ وَسَلِّمْ دِیْنِیْ وَتَقَبَّلْ مَنَاسِکِیْ۔

ALLAAHUMMA IRHAM TAWAQQUFEE WAZID-HU FEE 'AMALEE WASALLIM DEENEE WATAQABBAL MANAASIKEE.

O Allah! have mercy on me as I stand in Your audience in worship, enrich my devotions, maintain my firmness in faith, and accept my performance of the rituals.

خدایا ! میرے یہاں وقوف پر رحم فرما اور اسے میرے عمل میں زیادتی قرار دے، میرے دین کو سالم رکھ اور میری عبادتوں کو قبول کرلے۔

Imam Sadiq (a) says: "Walk with moderation and do not hurt anyone. It is recommended to delay Maghrib and Isha prayers till one reaches Muzdalifah and one third night passes away. Perform both the prayers with one Azaan and two Eqaamats and perform the Nawafils of Maghrib after Isha prayers. If there is some obstacle on the way before half night then he should not delay prayers and perform them on the way itself."

امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ متوسط رفتار سے چلے اور چلنے میں کسی کو اذیت و تکلیف نہ پہنچائے، مستحب ہے کہ مزدلفہ پہونچنے تک نماز مغربین میں تاخیر کرے، چاہے ایک تہائی رات ہی کیوں نہ گزر جائے اور دونوں نمازیں (مغرب و عشاء) ایک اذان اور دو اقامت کے ساتھ بجا لائے اور مغرب کے نوافل کو عشاء کے بعد پڑھے اور اگر آدھی رات سے پہلے مزدلفہ پہنچنے میں کوئی مانع ہو تو نماز مغربین اتنی تاخیر نہ کرے اور راستہ میں (نصف شب سے قبل) ہی پڑھ لے۔

Free to read, copy and share

It is recommended to enter in the middle of valley from the right. If a pilgrim is performing Hajj for a first time then it is recommended to get down at Masha'rul Haraama and spend the night in Allah's worship as much as possible and recite this supplication...

مستحب ہے کہ دائیں طرف سے وادی کے وسط تک پہونچے اور اگر پہلی مرتبہ حج کر رہا ہے تو مشعر الحرام کی زمین پر قدم رکھنا بھی مستحب ہے (یعنی گاڑی ہی میں نہ بیٹھا رہے) جس قدر ممکن ہو، رات عبادت و اطاعت الٰہی میں بسر کرے اور یہ دُعا پڑھے۔۔۔

اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ جُمَعُ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْمَعَ لِیْ فِیْهَا جَوَامِعَ الْخَیْرِ۔ اَللّٰهُمَّ لَا تُؤْیِسْنِیْ مِنَ الْخَیْرِ الَّذِیْ سَاَلْتُكَ اَنْ تَجْمَعَهٗ لِیْ فِیْ قَلْبِیْ وَاَطْلُبُ اِلَیْكَ اَنْ تُعَرِّفَنِیْ مَا عَرَّفْتَ اَوْلِیَآئَكَ فِیْ مَنْزِلِیْ هٰذَا اَنْ تَقِیَنِیْ جَوَامِعَ الشَّرِّ۔

ALLAAHUMMA HAAZIHEE JUMA'. ALLAAHUMMA INNEE AS'ALUKA AN TAJMA'A LEE FEEHAA JAWAAMI'A AL-KHAYR. ALLAAHUMMA LAA TU'YISNEE MINA AL-KHAYRI ALLAZEE SA'ALTUKA AN TAJMA'AHOO LEE FEE QALBEE WA-ATLUBU ILAYKA AN TU'ARRIFANEE MAA 'ARRAFTA AWLIYAA'AKA FEE MANZILEE HAAZAA AN TAQIYANEE JAWAAMI'A ASH-SHARR.

O Allah, this is Jam' (Muzdalifah). O Allah, I ask You to gather for me in it all forms of goodness. O Allah, do not make me despair of the good that I have asked You to gather for me in my heart. And I seek from You that You make me know what You have made known to Your close friends (awliya) in this place of mine: that You protect me from all forms of evil.

خدایا ! یہ جمع (مزدلفہ) ہے، خدایا ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو ان تمام مقامات میں میرے لئے خیر کو جمع کر دے، خدایا ! مجھے اس خیر سے مایوس نہ کرنا جس کے لئے میں نے تجھ سے سوال کیا ہے، تو اس کو میرے دل میں جمع کر دے اور مجھے اس منزل میں ان تمام چیزوں کی معرفت کرا دے جن کی تونے اپنے اولیاء کو معرفت کرائی ہے اور تو مجھے تمام برائیوں سے بچا لے۔

Imam Sadiq (a) says: It is recommended to praise and glorify Allah after Morning prayers in a clean condition. One should invoke about the bounties and excellence of Allah as much as possible. He should pray to Allah and recite this supplication...

امام جعفر صادقؑ نے فرمایا: مستحب ہے کہ نماز صبح کے بعد با طہارت حمد وثنائے الٰہی بجا لائے اور جس قدر ممکن ہو نعمات و عنایات پروردگار کو یاد کرے، محمدؐ و آلِ محمدؐ پر صلوات بھیجے اور دُعائیں کرے اور یہ دُعا بھی پڑھے۔۔۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ فُكَّ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ وَاَوْسِعْ عَلَیَّ مِنْ رِزْقِكَ الْحَلَالِ وَادْرَاْ عَنِّیْ شَرَّ فَسَقَةِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَیْرُ مَطْلُوْبٍ اِلَیْهِ وَخَیْرُ مَدْعُوٍّ وَخَیْرُ مَسْؤُوْلٍ وَلِكُلِّ وَافِدٍ جَائِزَةٌ فَاجْعَلْ جَائِزَتِیْ فِیْ مَوْطِنِیْ ہٰذَا اَنْ تُقِیْلَنِیْ عَثْرَتِیْ وَتَقْبَلَ مَعْذِرَتِیْ وَاَنْ تُجَاوِزَ عَنْ خَطِیْٓئَتِیْ ثُمَّ اجْعَلِ التَّقْوٰی مِنَ الدُّنْیَا زَادِیْ۔

ALLAAHUMMA RABBA AL-MASH'ARI AL-HARAAMI FUKKA RAQABATEE MINA AN-NAARI WA-AWSI' 'ALAYYA MIN RIZQIKA AL-HALAALI WADRAA 'ANNEE SHARRA FASAQATI AL-JINNI WAL-INS. ALLAAHUMMA ANTA KHAYRU MATLOOBIN ILAYHI WAKHAYRU MAD'UWWIN WAKHAYRU MAS'OOLIN WALIKULLI WAAFIDIN JAA'IZATUN FAJ'AL JAA'IZATEE FEE MAWTINEE HAAZAA AN TUQEELANEE 'ATHRATEE WATAQBALA MA'ZIRATEE WA-AN TUJAAWIZA 'AN KHATEE'ATEE THUMMA IJ'ALI AT-TAQWAA MINA AD-DUNYAA ZAADEE.

O Allah! Lord of the Holy Mash’ar, spare me the fire of Hell, increase my lawful sustenance and keep me away from the harm of the evil ones among the jinn and mankind. O Allah! You are the best to turn to, the best to beseech, and the best to be supplicated to. There is a reward for every visitor, and in this place, I aspire that my reward be that You forgive my slips, accept my plea, forgive my sins, and make piety my provision from this world.

خدایا ! اے مشعر الحرام کے پروردگار ! میری گردن کو جہنم سے آزاد کر دے اور اپنے رزق حلال کو میرے اوپر کشادہ کر دے، اور جن و انس کے فاسقوں کے شر و فساد کو مجھ سے دور کر دے۔ خدایا ! تو بہتر ہے ان چیزوں سے جن کو طلب کیا جائے اور مانگی اور پوچھے جانے والی چیزوں سے بہتر ہے، اور ہر آنے والے کے لئے ایک عطیہ اور انعام ہوتا ہے، لہٰذا تو میرے یہاں آنے اور رہنے کا انعام یہ قرار دے کہ میری لغزشوں کو معاف کر اور میرے عذر کو قبول کر لے اور میری خطاؤں سے درگزر فرما، گناہوں کو بخش دے اور دنیا سے تقویٰ میرا توشہ قرار دے۔

> One should bring 70 pebbles to be thrown in Mina from Muzdalifah itself. It is recommended while coming towards Mina from Muzdalifah one should walk a distance of about hundred steps fast like a camel upon reaching the valley of Muhassar. Recitation of this supplication is recommended...

> رمی جمرہ کے لئے مزدلفہ سے کنکریاں چننا مستحب ہے، جن کی تعداد ۷۰ ہونا چاہیئے۔ جب مزدلفہ سے منیٰ کی جانب روانہ ہو اور وادی محسّر پہونچے تو ۱۰۰ قدم اونٹ کی مانند تیز تیز چلئے اور اگر سوار ہے تو سواری کو کچھ تیز کر دے اور کہے۔۔۔

Free to read, copy and share

اَللّٰھُمَّ سَلِّمْ لِیْ عَھْدِیْ وَاقْبَلْ تَوْبَتِیْ وَاَجِبْ دَعْوَتِیْ وَاخْلُفْنِیْ فِیْمَنْ تَرَکْتُ بَعْدِیْ۔

ALLAAHUMMA SALLIM LEE 'AHDEE WAQBAL TAWBATEE WA-AJIB DA'WATEE WAKHLUFNEE FEEMAN TARAKTU BA'DEE.

O Allah! make me keep my covenant, accept my repentance, answer my wishes and look after those I have left behind.

خدایا ! میرے عہد کو سالم رکھ، میری توبہ کو قبول فرما اور دُعا کو مستجاب کر اور جن لوگوں کو میں نے چھوڑا ہے ان کا میرے بعد تو میرا جانشین ہو جا۔

> Then Rami-e-Jamrah-e-Aqbah (https://fzic.org/library/dua/rami-e-jamrah-e-aqbah-3597) on 10th Zilhajj.

> پھر ۱۰ ذی الحجہ کو رمیِ جمرۂ عقبہ (https://fzic.org/library/dua/rami-e-jamrah-e-aqbah-3597)۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/muzdalifa-3596 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.